بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْن، وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلَی النَّبِیِّ الْکَرِیمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصحَابِہٖ اَجْمَعِین۔

دینی معلومات پر مشتمل سوالات وجوابات

(۱) کھانے سے پہلے کیا کہنا چاہئے؟ جواب: بسم اللہ۔۔۔۔

(۲) کھانے کے بعد کیا کہنا چاہئے؟ جواب: الحمدللہ۔۔۔۔

(۳) حضور اکرم ﷺ کا نام لکھنے یا پڑھنے یا سننے پر ہمیں کیا کہنا چاہئے؟ جواب: صلی اللہ علیہ وسلم۔

(۴) نبی یا رسول کا نام لکھنے یا پڑھنے یا سننے پر ہمیں کیا کہنا چاہئے؟ جواب: علیہ السلام۔

(۵) کسی صحابی کا نام لکھنے یا پڑھنے یا سننے پر ہمیں کیا کہنا چاہئے؟ جواب: رضی اللہ عنہ۔

(۶) دنیا کے سب سے آخری نبی اور رسول کا نام کیا ہے؟ جواب: حضرت محمد ﷺ۔

(۷) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کس سن عیسوی میں ہوئی تھی؟ جواب: آپ ﷺ کی پیدائش ۵۷۱ء میں ہوئی تھی۔

(۸) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے والد کا نام کیا تھا؟ جواب: آپ ﷺ کے والد کا نام عبداللہ تھا۔

(۹) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ کا نام کیا تھا؟ جواب: آپ ﷺ کی والدہ کا نام آمنہ تھا۔

(۱۰) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام کیا تھا؟ جواب: آپ ﷺ کے دادا کا نام عبدالمطلب تھا۔

(۱۱) حضور اکرم ﷺ کہاں پیدا ہوئے؟ جواب: آپ ﷺ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

(۱۲) جب آپ ﷺ کی والدہ کا انتقال ہوا تو آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟ جواب: آپ ﷺ کی عمر ۶ سال کی تھی۔

(۱۳) حضور اکرم ﷺ کہاں مدفون ہیں؟ جواب: مدینہ منورہ میں۔

(۱۴) حضور اکرم ﷺ پر پہلی وحی کہاں نازل ہوئی؟ جواب: غار حراء میں۔

(۱۵) جب پہلی مرتبہ وحی نازل ہوئی تو آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟ جواب: آپ ﷺ کی عمر ۴۰ سال تھی۔

(۱۶) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا نام بتایئے جو آپکے رضاعی بھائی بھی تھے؟ جواب: حضرت حمزہؓ۔

(۱۷) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو چچا کے نام بتایئے جو اسلام لائے تھے؟ جواب: حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ۔

(۱۸) مہر نبوت حضور ﷺ کے جسم کے کس حصہ میں تھی؟ جواب: دونوں کندھوں کے درمیان۔

(۱۹) حضرت خدیجہؓ سے شادی کے وقت آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟ جواب: ۲۵ سال۔

(۲۰) شادی کے وقت حضرت خدیجہؓ حضور ﷺ سے کتنے سال بڑی تھیں؟ جواب: حضرت خدیجہؓ حضور سے ۱۵ سال بڑی تھیں۔

(۲۱) حضور اکرم ﷺ کی پہلی بیوی کا نام بتایئے؟ جواب: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا۔

(۲۲) بی بی حلیمہ سعدیہ کون تھیں؟ جواب: حضور اکرم ﷺ کو دودھ پلانے والی دایہ۔

(۲۳) ہجرت کے موقع پر حضور ﷺ نے کس غار میں پناہ لی؟ جواب: غار ثور میں۔

(۲۴) غار حراء و غار ثور کہاں واقع ہیں؟ جواب: مکہ مکرمہ میں۔

(۲۵) اگر کوئی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ مانے تو وہ کیسا ہے؟ جواب: جو حضرت محمد ﷺ کو نہ مانے وہ کافر ہے۔

(۲۶) حضور اکرم ﷺ نے انبیاء کرام کی امامت کہاں کی تھی؟ جواب: بیت المقدس (مسجد اقصی میں)۔

(۲۷) آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کس چیز سے پیدا کیا؟ جواب: مٹی سے۔

(۲۸) اس دنیا اور ساری کائنات کا خالق اور مالک کون ہے؟ جواب: اللہ تعالیٰ۔

(۲۹) بڑے (مردوں) میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے کا نام بتایئے؟ جواب: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔

(۳۰) بچوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے کا نام بتایئے؟ جواب: حضرت علی رضی اللہ عنہ۔

(۳۱) خواتین میں سب سے پہلے اسلام لانے والی خاتون کا نام بتایئے؟ جواب: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا۔

(۳۲) حضرت خدیجہؓ کی وفات کے وقت حضور اکرم ﷺ کی عمر کتنی تھی؟ جواب: ۵۰ سال۔

(۳۳) کھانا کس ہاتھ سے کھانا چاہئے؟ جواب: دائیں ہاتھ سے۔

(۳۴) کس ماہ کے روزہ رکھنا فرض ہے؟ جواب: ماہ رمضان کے۔

(۳۵) عیدالفطر کی نماز کس تاریخ کو پڑھی جاتی ہے؟ جواب: اشوال کو۔

(۳۶) عیدالاضحیٰ کی نماز کس تاریخ کو پڑھی جاتی ہے؟ جواب: ۱۰ ذی الحجہ کو۔

(۳۷) عرفات کے میدان میں حاجی کب جمع ہوتے ہیں؟ جواب: ۹ ذی الحجہ کو۔

(۳۸) جانوروں کی قربانی کب کی جاتی ہے، عیدالفطر یا عیدالاضحیٰ کے موقع پر؟ جواب: عیدالاضحیٰ کے موقع پر۔

(۳۹) ہفتہ کے کن دنوں میں نفلی روزہ رکھنے کی خصوصی فضیلت ہے؟ جواب: پیر اور جمعرات۔

(۴۰) شوال کے مہینہ میں کتنے روزہ رکھنے کی خصوصی فضیلت ہے؟ جواب: ۶ روزے۔

(۴۱) اسلام کی سب سے پہلی مسجد کا نام بتایئے؟ جواب: مسجد قبا۔

(۴۲) دنیا کی سب سے پہلی مسجد کا نام بتایئے؟ جواب: مسجد حرام۔

(۴۳) مسجد حرام میں نماز پڑھنے کا ثواب کتنی نمازوں کا ہے؟ جواب: ایک لاکھ۔

(۴۴) دنیا کی دوسری مسجد کا نام بتایئے؟ جواب: مسجد اقصیٰ (قبلہ اول)۔

(۴۵) منکر نکیر کون ہیں؟ جواب: مُردوں سے قبر میں سوال کرنے والے فرشتے۔

(۴۶) حضرت جبرئیل علیہ السلام کی ذمہ داری بیان کیجئے؟ جواب: اللہ تعالیٰ کے حکم سے وحی نازل کرنا۔

(۴۷) اسرافیل علیہ السلام کی کیا ذمہ داری ہے؟ جواب: صور پھونکنا۔ (قیامت کے دن صور پھوکیں گے)۔

(۴۸) عزرائیل علیہ السلام کی کیا ذمہ داری ہے؟ ج: روح قبض کرنا (موت کے وقت روح قبض کرتے ہیں)

(۴۹) روح اللہ کس نبی کو کہا جاتا ہے؟ جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو۔

(۵۰) کلیم اللہ کس نبی کو کہا جاتا ہے؟ جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کو۔

(۵۱) ذبیح اللہ کس نبی کو کہا جاتا ہے؟ جواب: حضرت اسماعیل علیہ السلام کو۔

(۵۲) خلیل اللہ کس نبی کو کہا جاتا ہے؟ جواب: حضرت ابراہیم علیہ السلام کو۔

(۵۳) روح الامین کون ہیں؟ جواب: حضرت جبرئیل علیہ السلام۔

(۵۴) مدینہ منورہ کا پرانا نام بتایئے؟ جواب: یثرب۔

(۵۵) مسجد اقصیٰ کہاں واقع ہے؟ جواب: بیت المقدس میں۔

(۵۶) مسلمانوں کا قبلہ کہاں ہے؟ جواب: مکہ مکرمہ میں۔

(۵۷) مسلمانوں کا قبلہ اول کس کے قبضہ میں ہے؟

جواب: یہودیوں کے قبضہ میں ہے (مسجد اقصیٰ)۔

(۵۸) ابوجہل کو کس نے قتل کیا تھا؟

جواب: معاذ اور معوذ (دونو عمر لڑکوں) نے۔

(۵۹) تمہارے مذہب کا کیا نام ہے؟

جواب: اسلام۔

(۶۰) قرآن کریم کا دل کس سورہ کو کہا جاتا ہے؟

جواب: سورۂ یسن کو۔

(۶۱) دن رات میں کتنے وقت کی نماز فرض ہے؟

جواب: پانچ وقت کی۔

(۶۲) پانچ فرض نمازوں کے نام بتائے؟

جواب: فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء۔

(۶۳) پانچ فرض نمازوں میں فرض رکعتوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

جواب: ۱۷ رکعت۔

(۶۴) نمازِ فجر میں کتنی رکعت فرض ہیں؟

جواب: ۲ رکعت۔

(۶۵) نمازِ ظہر میں کتنی رکعت فرض ہیں؟

جواب: ۴ رکعت۔

(۶۶) نمازِ عصر میں کتنی رکعت فرض ہیں؟

جواب: ۴ رکعت۔

(۶۷) نمازِ مغرب میں کتنی رکعت فرض ہیں؟

جواب: ۳ رکعت۔

(۶۸) نمازِ عشاء میں کتنی رکعت فرض ہیں؟

جواب: ۴ رکعت۔

(۶۹) دن رات میں کتنی رکعت سنت مؤکدہ ہیں؟

جواب: ۱۲ رکعت۔

(۷۰) اس نبی کا نام بتایئے جنہیں مچھلی نے نگل لیا تھا؟

جواب: حضرت یونس علیہ السلام۔

(۷۱) اس صحابی کا نام بتایئے جن کا نام قرآن کریم میں آیا ہے؟

جواب: حضرت زید رضی اللہ عنہ۔

(۷۲) تمہیں کس نے پیدا کیا؟

جواب: ہمیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔

(۷۳) جو لوگ خدا کو نہیں مانتے انہیں کیا کہتے ہیں؟

جواب: انہیں کافر کہتے ہیں۔

(۷۴) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کون تھے؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے بندہ اور اس کے رسول تھے۔

(۷۵) ۱۲ رکعت سنت مؤکدہ کی تفصیل بیان کیجئے؟

جواب: ۲ فجر سے قبل، ۴ ظہر سے قبل، ۲ ظہر کے بعد، ۲ مغرب کے بعد اور ۲ عشاء کے بعد۔

(۷۶) حضرت محمد ﷺ تمام عمر کہاں رہے؟

جواب: تقریباً ۵۳ سال کی عمر تک اپنے شہر مکہ مکرمہ میں اور تقریباً ۱۰ سال مدینہ منورہ میں رہے۔

(۷۷) کتنے دنوں میں پورا قرآن نازل ہوا؟

جواب: ۲۳ سال میں۔

(۷۸) جو شخص اذان دیتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: اسے مؤذن کہتے ہیں۔

(۷۹) جو شخص مسجد میں نماز پڑھاتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: اسے امام کہتے ہیں۔

(۸۰) اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے؟

جواب: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔

(۸۱) اسلام کے پانچ ارکان کے نام بتایئے؟

جواب: ایمان، نماز، روزہ، زکاۃ اور حج۔

(۸۲) نماز کب فرض ہوئی؟

جواب: واقعہ معراج کے موقع پر مکی زندگی میں۔

(۸۳) روزہ کب فرض ہوا؟

جواب: سن ۲ ہجری میں۔

(۸۴) زکاۃ کب فرض ہوئی؟

جواب: سن ۳ ہجری میں۔

(۸۵) حج کس سن میں فرض ہوا؟ جواب: سن ۹ ہجری میں۔

(۸۶) شراب پینا کب حرام ہوا؟ جواب: سن ۴ ہجری میں۔

(۸۷) عورتوں کے لئے پردہ کرنے کا حکم کب ہوا؟ جواب: سن ۵ ہجری میں۔

(۸۸) صلح حدیبیہ کب ہوئی؟ جواب: سن ۶ ہجری میں۔

(۸۹) مکہ مکرمہ کب فتح ہوا؟ جواب: سن ۸ ہجری میں۔

(۹۰) شیطان کس مخلوق میں سے ہے؟ فرشتہ یا انسان یا جن؟ جواب: جنات میں سے۔

(۹۱) جس اونٹنی پر سوار ہو کر آپ ﷺ نے ہجرت فرمائی اس کا نام بتایئے؟ جواب: اس کا نام قصواء تھا۔

(۹۲) کراماً کاتبین کون ہیں اور ان کی کیا ذمہ داری ہے؟ جواب: فرشتے ہیں جو انسان کے اعمال لکھتے رہتے ہیں

(۹۳) سب سے پہلے امیر المؤمنین کا خطاب کس خلیفہ کو دیا گیا؟ جواب: حضرت عمر بن خطابؓ کو۔

(۹۴) اسلام میں سب سے پہلی شہیدہ کا نام لکھئے؟ جواب: حضرت سمیہؓ۔

(۹۵) آپ ﷺ کے نواسوں کے نام بتاؤ، جن سے آپ بہت محبت کرتے تھے؟ جواب: حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ۔

(۹۶) حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کی والدہ کا نام بتاؤ؟ جواب: حضرت فاطمہؓ۔

(۹۷) اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ ناگوار چیز جو کہ حلال ہے، کیا ہے؟ جواب: طلاق۔

(۹۸) قرآن کی سب سے پہلی نازل ہونے والی وحی کس سورہ میں ہے؟ جواب: سورۂ العلق میں۔

(۹۹) اس سورہ کا نام لکھئے جس میں ابولہب اور اس کی بیوی کی برائی بیان کی گئی ہے؟ جواب: سورۂ تبت۔

(۱۰۰) آپ ﷺ نے حج (حجۃ الوداع) کب کیا؟ جواب: سن ۱۰ ہجری میں۔

(۱۰۱) اسلام کی پہلی اہم جنگ (غزوۂ بدر) کب ہوئی؟ جواب: سن ۲ ہجری میں۔

(۱۰۲) اسلام کی دوسری اہم جنگ (غزوۂ احد) کب ہوئی؟ جواب: سن ۳ ہجری میں۔

(۱۰۳) قرآن کریم میں کتنی سورتیں ہیں؟ جواب: ۱۱۴۔

(۱۰۴) قرآن کریم میں کتنے پارے ہیں؟ جواب: ۳۰۔

(۱۰۵) قرآن کریم میں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' کتنی بار آئی ہے؟ جواب: ۱۱۴۔

(۱۰۶) قرآن کریم میں کتنی سورتیں ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' سے شروع ہوئی ہیں؟ جواب: ۱۱۳۔

(۱۰۷) کون سی سورہ ''بسم اللہ'' سے شروع نہیں ہوتی ہے؟ جواب: سورۂ التوبہ۔

(۱۰۸) کون سی سورہ میں ''بسم اللہ'' دو بار آتی ہے؟ جواب: سورۂ النمل۔

(۱۰۹) قرآن کریم میں کتنے بار لفظ قرآن دہرایا گیا ہے؟ جواب: ۷۰۔

(۱۱۰) قرآن کریم کی سب سے بڑی سورہ کون سی ہے؟ جواب: سورۂ البقرۃ۔

(۱۱۱) قرآن کریم کی سب سے بڑی آیت کون سی سورہ میں موجود ہے؟ جواب: سورۂ البقرۃ (آیت نمبر ۲۸۲)۔

(۱۱۲) قرآن کریم میں سب سے افضل رات کون سی بتائی گئی ہے؟ جواب: شب قدر۔

(۱۱۳) قرآن کریم کس ماہ میں نازل ہوا؟ جواب: رمضان۔

(۱۱۴) ماہ رمضان کس ماہ کے بعد آتا ہے؟ جواب: شعبان۔

(۱۱۵) کتنی سورتیں ''الحمدللہ'' سے شروع ہوتی ہیں؟ جواب: ۵۔ سورۂ فاتحہ،الانعام،الکہف، فاطر،سبا۔

(۱۱۶) کتنی سورتوں کے نام ایک حرف سے ہیں؟ جواب: ۳ ۔ ص، ق،ن۔

(۱۱۷) کتنی سورتیں ''انا'' سے شروع ہوتی ہیں جواب: ۴ سورۂ الفتح،النوح،القدر،الکوثر۔

(۱۱۸) کون سی سورہ آپ ﷺ کے قبیلہ کے نام سے ہے؟ جواب: سورۂ القریش

(۱۱۹) کون سی سورہ کو قرآن شریف کا دل بھی کہتے ہیں؟ جواب: سورۂ یٰسٓ

(۱۲۰) کون سی سورہ کا نام جنگ کے نام پر ہے؟ جواب: سورۂ الاحزاب

(۱۲۱) کون سی سورہ کا نام دھات کے نام پر ہے؟ جواب: سورۂ الحدید

(۱۲۲) کون سی سورہ کو ''عروس القرآن'' کہتے ہیں؟ جواب: سورۂ الرحمٰن

(۱۲۳) کون سی سورہ ''ایک تہائی'' قرآن کے برابر ہے؟ جواب: سورۂ التوحید (الاخلاص)

(۱۲۴) کتنی سورتیں ''حروف مقطعات'' سے شروع ہوتی ہیں؟ جواب: ۲۹ سورتیں

(۱۲۵) کون سی سورتوں کو معوذتین کہتے ہیں؟ جواب: سورۂ الفلق ،الناس۔

(۱۲۶) کون سی سورتیں ''تبارک الذی'' سے شروع ہوتی ہیں؟ جواب: سورۂ الملک اور سورۂ الفرقان۔

(۱۲۷) مکی سورتوں کا دور کتنے سال کا تھا؟ جواب: تقریباً ۱۳ سال۔

(۱۲۸) مدنی سورتوں کا دور کتنے سال کا تھا؟ جواب: تقریباً ۱۰ سال۔

(۱۲۹) قرآن مجید نبی اکرم ﷺ پر ایک مرتبہ اترا یا تھوڑا تھوڑا؟ جواب: تھوڑا تھوڑا نازل ہوا کبھی ایک آیت اور کبھی دو یا ۴ آیتیں کبھی ایک سورہ جیسی ضرورت ہوتی گئی اترتا گیا۔

(۱۳۰) حضور اکرم ﷺ کا عام لباس کیا ہوتا تھا؟ جواب: لنگی، قمیص، عمامہ، ٹوپی اور چادر۔

(۱۳۱) حضور اکرم ﷺ کے عمامہ کا رنگ عموماً کیا ہوتا تھا؟ جواب: کالا اور سفید۔

(۱۳۲) حضور اکرم ﷺ نے کتنے حج اور عمرہ کئے؟ جواب: ایک حج اور چار عمرہ۔

(۱۳۳) زندگی میں ایک بار حج فرض ہے یا ہر سال؟ جواب: زندگی میں صرف ایک بار۔

(۱۳۴) حضور اکرم ﷺ کی وفات کے بعد مسلمانوں کا خلیفہ کون بنا؟ جواب: حضرت ابوبکر صدیق ؓ۔

(۱۳۵) حج کے اعمال کا کن نبیوں کی قربانیوں سے خصوصی تعلق ہے؟ جواب: حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہم السلام۔

(۱۳۶) نبیوں کی تقریباً کل تعداد کتنی تھی؟ جواب: تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

(۱۳۷) صحابہ کی تقریباً کل تعداد کتنی تھی؟ جواب: تقریباً ایک لاکھ چوبیس ہزار۔

(۱۳۸) قرآن کریم میں کتنے انبیاء کا تذکرہ آیا ہے؟ جواب: ۲۵۔

(۱۳۹) پانچ انبیاء ورسل کے نام بتایئے؟ جواب: حضرت عیسیٰ، موسیٰ، ابراہیم، اسماعیل، یوسف۔

(۱۴۰) قرآن کریم میں سب سے زیادہ کس نبی کا نام آیا ہے؟ جواب: حضرت موسیٰ علیہ السلام۔

(۱۴۱) اشہر حرم کی تعداد کتنی ہے؟ جواب: ۴ (ذی القعدۃ، ذی الحجہ، محرم اور رجب)۔

(۱۴۲) غزوہ کی تاریخ کے اعتبار سے صحیح ترتیب دیجئے غزوۂ احد، بدر، حنین اور خندق؟ جواب: بدر، احد، خندق اور حنین۔

(۱۴۳) انبیاء کے زمانہ کے اعتبار سے صحیح ترتیب دیجئے، نوح، عیسی، موسی اور ابراہیم علیہم السلام؟ جواب: نوح، ابراہیم، موسیٰ اور عیسی علیہم السلام

(۱۴۴)ان علماء میں سے سب سے پہلے کون تھے؟(ابن القیمؒ،ابن تیمیہؒ،ابن حنبلؒ اورابوحنیفہؒ) جواب:امام ابوحنیفہؒ۔

(۱۴۵) امام ابوحنیفہؒ کا کیا نام ہے؟ جواب: نعمان بن ثابتؒ۔

(۱۴۶)اس صحابی کا نام بتایئے جن کے موت کی وجہ سے عرش ہل گیا تھا؟ جواب: حضرت سعد بن معاذؓ۔

(۱۴۷) اس صحابی کا نام بتایئے جنہیں فرشتوں نے غسل دیا تھا(غسیل الملائکۃ)؟جواب: حضرت حنظلہ بن ابی عامرؓ۔

(۱۴۸) حدیث کی مشہور کتاب ریاض الصالحین کے مؤلف کا نام بتایئے؟ جواب: امام نووی رحمۃ اللہ علیہ۔

(۱۴۹) مکہ مکرمہ میں سب سے پہلے بآواز بلند قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے کا نام بتایئے؟ جواب: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ۔

(۱۵۰) حضور اکرم ﷺ کی صاحبزادیوں کے نام کیا ہیں؟ جواب: حضرت زینبؓ، رقیہؓ،ام کلثومؓ اور فاطمہؓ۔

(۱۵۱) حضور اکرم ﷺ کی سب سے چھوٹی صاحبزادی کا نام کیا ہے؟ جواب: حضرت فاطمہؓ۔

(۱۵۲) حضرت فاطمہؓ کی شادی کس کے ساتھ ہوئی تھی؟ جواب: حضرت علیؓ کے ساتھ۔

(۱۵۳) آپ ﷺ کے تین داماد کون کون تھے؟ جواب:حضرت ابوالعاصؓ،حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ۔

(۱۵۴) کس غزوہ میں آپ ﷺ کے دندان مبارک شہید ہوئے تھے؟ جواب: غزوۂ احد میں۔

(۱۵۵) اسلام کی پہلی اہم جنگ کا نام بتائے؟ جواب: غزوۂ بدر۔

(۱۵۶) نمازِ جمعہ کے لئے حاضری کا رجسٹر فرشتے کس وقت بند کر دیتے ہیں؟ جواب: امام کے خطبہ کے لئے ممبر پر پہنچنے کے وقت۔

(۱۵۷) نبی اکرم ﷺ کا لباس کہاں تک رہتا تھا؟ جواب: نصف پنڈلی تک۔

(۱۵۸) نبی اکرم ﷺ کو کونسا رنگ زیادہ پسند تھا؟ جواب: سفید۔

(۱۵۹) فرض نمازوں کے علاوہ کونسی نماز کا ذکر قرآن کریم میں آیا ہے؟ جواب: نماز تہجد۔

(۱۶۰)سورۂ الکہف پڑھنے کی کونسے دن خاص فضیلت احادیث میں وارد ہوئی ہے؟ جواب: جمعہ کے دن۔

(۱۶۱) درود شریف پڑھنے کی کونسے دن خاص فضیلت احادیث میں وارد ہوئی ہے؟ جواب: جمعہ کے دن۔

(۱۶۲) کونسے دن کے نام پر قرآن کریم میں ایک سورہ ہے؟ جواب: جمعہ۔

(۱۶۳) جمعہ کے دن پہلی اذان کی ابتدا کب سے ہوئی؟ جواب: حضرت عثمان غنیؓ کے عہد خلافت سے۔

(۱۶۴) کس نبی کو آسمانوں پر اٹھالیا گیا؟ جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو۔

(۱۶۵) معراج کا واقعہ نیند کی حالت میں ہوا یا جاگنے کی حالت میں؟ جواب: جاگنے کی حالت میں۔

(۱۶۶) انسانی تاریخ کا سب سے لمبا سفر بتاؤ؟ جواب: سفر معراج واسراء۔

(۱۶۷) قیامت کے دن سب سے پہلے کس چیز کا حساب لیا جائے گا؟ جواب: نماز۔

(۱۶۸) نبی اکرم ﷺ کی شان میں اشعار کہنے والے ۳ شعراء کے نام بتایئے؟ جواب: حضرت حسان بن ثابتؓ، کعب بن مالکؓ اور حضرت عبداللہ بن رواحہؓ۔

(۱۶۹) غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے لشکر کی تعداد بتایئے؟ جواب: ۳۱۳۔

(۱۷۰) قرآن کریم کی تین عربی زبان میں مشہور تفاسیر کے نام بتایئے؟ جواب:تفسیر بن کثیرؒ، تفسیر بن جریر طبریؒ،تفسیر جلالین۔

(۱۷۱) قرآن کریم کی تین اردو زبان میں مشہور تفاسیر کے نام بتایئے؟ جواب: معارف القرآن،تفہیم القرآن،تدبر القرآن۔

(۱۷۲) حدیث کی چند مشہور کتابوں کے مختصر نام بتایئے؟ جواب: بخاری،مسلم،ترمذی،ابن ماجہ،نسائی اور ابوداؤد۔

(۱۷۳)حضور نے اپنی زندگی میں صرف ایک شخص کی نماز جنازہ غائبانہ پڑھائی ہے، بتایئے؟ جواب: ملک حبشہ کا بادشاہ نجاشی۔

(۱۷۴)جزیرہ عرب سے باہر آپ ﷺ نے صرف ایک ملک کا سفر کیا تھا، نام بتایئے؟ جواب: ملک شام۔

(۱۷۵) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزول کہاں ہوگا؟ جواب: دمشق میں۔

(۱۷۶) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دو بیٹوں کے نام بتایئے؟ جواب: حضرت اسماعیل اور حضرت اسحاق علیہم السلام۔

(۱۷۷) حضرت یعقوب علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام بتایئے؟ جواب: حضرت یوسف علیہ السلام۔

(۱۷۸) بنی اسرائیل کس نبی کی اولاد ہیں؟ جواب: حضرت یعقوب علیہ السلام کی۔

(۱۷۹) حضرت یوسف علیہ السلام کا تذکرہ تفصیل کے ساتھ قرآن کی کس سورہ میں آیا ہے؟ جواب: سورۂ یوسف میں۔

(۱۸۰) اسلامی کیلنڈر کا پہلا مہینہ کونسا ہے؟ جواب: محرم الحرام۔

(۱۸۱) حضرت حسینؓ کی شہادت کونسے مہینہ میں ہوئی تھی؟ جواب: محرم الحرام۔

(۱۸۲) حضور اکرم ﷺ کی وفات کس ماہ میں ہوئی تھی؟ جواب: ربیع الاول۔

(۱۸۳)ہجری کیلنڈر کا سلسلہ کب سے شروع ہوا؟ جواب: حضرت عمر فاروقؓ کے عہد خلافت سے۔

(۱۸۴)اسلامی کیلنڈر کے چار ماہ کے نام بتایئے؟ جواب: شعبان، رمضان، ذی القعدہ اور ذی الحجہ۔

(۱۸۵)صحیح ترتیب سے لکھئے؟ رمضان، شعبان، ذی الحجہ اور ذی القعدہ۔ جواب: شعبان، رمضان، ذی القعدہ اور ذی الحجہ۔

(۱۸۶) بڑے گناہوں میں سے چھ بڑے گناہ لکھئے؟ جواب: شرک کرنا، کسی کو ناحق قتل کرنا، سود کھانا، نماز نہ پڑھنا، شراب پینا اور جھوٹ بولنا۔

(۱۸۷) قافلہ ہجرت محمدیہ کتنے لوگوں پر مشتمل تھا؟ جواب: ۴ افراد پر۔

(۱)حضور ﷺ (۲) حضرت ابوبکر صدیقؓ (۳)عامر بن فہیرہ ابوبکرؓ کے غلام (۴)عبداللہ بن اریقط راستہ دکھانے والے۔

(۱۸۸) حمد کسے کہتے ہیں؟ جواب: وہ اشعار جو اللہ کی تعریف میں لکھے گئے ہوں۔

(۱۸۹) نعت کسے کہتے ہیں؟ جواب: وہ اشعار جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف ومنقبت میں لکھے جاتے ہیں۔

(۱۹۰) وہ آیت لکھئے جس میں مسلمانوں کو نبی ﷺ پر درود بھیجنے کا حکم دیا گیا ہے؟ جواب: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَه يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيْماً.

(۱۹۱) امہات المومنین کن کو کہا جاتا ہے؟ جواب: حضور اکرم ﷺ کی ازواج مطہرات کو امہات المومنین کہا جاتا ہے۔

(۱۹۲) قرآن کریم کی سب سے بڑی آیت میں کس مسئلہ کو ذکر کیا گیا ہے؟ جواب: قرض کی ادائیگی کا وقت اور رقم تحریر کر لی جائے۔

(۱۹۳) وہ کون سی دعا ہے جس کو پڑھنے کے بعد مچھلی نے حضرت یونس علیہ السلام کو اپنے پیٹ سے باہر پھینک دیا تھا؟

جواب : لا اِلٰهَ اِلا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْن.

(۱۹۴) حضرت ابراہیم علیہ السلام کس ملک سے ملک شام ہجرت فرما گئے تھے؟ جواب: ملک عراق سے۔

(۱۹۵) حضرت یوسف علیہ السلام نے کس ملک میں حکومت کی؟ جواب: مصر۔